الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

پریس ریلیز

مورخہ10جولائی، 2017

الیکشن کمیشن آف پاکستان کے ترجمان ہارون خان شنواری نے بتایا کہ پی ایس۔ 114 کراچی کے ضمنی انتخابات میں نیااور **جدید رزلٹ ٹرانسمیشن سسٹم(RTS)** کو متعارف کروایا۔جو کہ جدید موبائل ٹیکنالوجی سے متعلق ہےاوراس سے براہ راست تمام 92 پولنگ اسٹیشنوں سے درست اور تیزی کے ساتھ آئن لائن نتائج حاصل کیے۔اس نئ ٹیکنالوجی نے الیکشن کمیشن کواس قابل بنادیا ہے کہ وہ باقاعدگی سے پریذائنڈنگ افسران سے نتائج حاصل کرکے اس کوالیکشن کمیشن اسلام آباد کے ڈیٹاسنٹر میں منتقل کرلے۔

اس ٹیکنالوجی کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا تھا۔اورالیکشن کمیشن کے آئی ٹی افسران نے تمام پریذائنڈنگ افسران کو موبائل ہارڈ ویئر، سافٹ ویئر ،رابطے سگنل، کیمرے، محفوظ ٹرانسمیشن کے بارے میں ٹریننگ بھی دی گئی تھی۔اس **رزلٹ ٹرانسمیشن سسٹم** پائلٹ ٹیسٹنگ کی رپورٹ چیف الیکشن کمشنر کو پیش کی جائے گی اور 11 جولائی 2017 کو منصوبہ ساز کمیٹی میں بھی اس پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ماہانہ منصوبہ ساز کمیٹی میں سیکرٹری الیکشن کمیشن، چاروں صوبائی الیکشن کمشنرزاورالیکشن کمیشن کے سرکردہ افسران کواس کی پائلٹ رپورٹ پیش کی جائے گی تاکہ 2018ء کے عام انتخابات کے حوالے سے اس کے مختلف تکنیکی پہلوؤں کا تفصیلی جائزہ لے سکے۔

ترجمان کے مطابق اس ٹیکنالوجی کو ملک بھر کے تقریباً 80,000 پولنگ اسٹیشنوں پر متعارف کروانے پر حکومت سے مالی وسائل کی ضرورت ہوگی۔ جس کے بعد ہم آئندہ عام انتخابات میں اس جدید موبائل ٹیکنالوجی رزلٹ ٹرانسمیشن سسٹم کو متعارف کرواسکیں گے۔